**12.03.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

.................................................................

☆ بھارت اور ماریشس نے اپنے تعلقات کو اضافہ شدہ اسٹریٹجک شراکت داری میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کی۔

☆ پارلیمنٹ نے ساحل سے دور، تیل کی کھوج کو فروغ دینے کیلئے آئل فیلڈ ضوابط و ترقیاتی ترمیمی بل 2024 کو منظوری دے دی ہے۔

☆ BJP نے ہریانہ کے مقامی بلدیاتی اداروں کے انتخابات میں زبردست کامیابی حاصل کی ہے۔ BJP نے 10 میں سے 9 میئر کے عہدوں پر جیت حاصل کی ہے۔

☆ فروری کے مہینے میں خردہ افراطِ زر کی شرح 7 مہینے کی کم ترین سطح تین اعشاریہ چھ-ایک فیصد پر پہنچ گئی۔

☆ پاکستان کے ٹرین ہائی جیک کے معاملے میں تقریباً 200 یرغمالیوں کو آزاد، جبکہ 30 ملیٹنٹوں کو ہلاک کر دیا گیا ہے۔

☆ اور...... بھارت نے اٹلی میں جاری بارہویں خصوصی عالمی سرمائی اولمپکس 2025 میں سونے کے دو تمغوں سمیت چار تمغے حاصل کیے ہیں۔

.................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**PM Mauritius**

بھارت اور ماریشس نے اپنے تعلقات کو بڑھا کر 'بہتر اسٹریٹجک شراکت داری' میں تبدیل کرنے اور بحری سیکیورٹی نیز مقامی کرنسیوں میں تجارت کو فروغ دینے سمیت کئی شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے آٹھ معاہدوں پر دستخط کیے۔ یہ فیصلہ آج ماریشس کی راجدھانی پورٹ لوئس میں وزیر اعظم نریندر مودی اور ماریشس کے

وزیر اعظم ڈاکٹر نوین چندر رام غلام کے درمیان وفد سطح کی بات چیت کے دوران لیا گیا۔ بات چیت کے بعد جناب مودی نے عالمی خطۂ جنوب کے ملکوں کیلئے بھارت کے نئے وژن کا اعلان کیا اور اسے ''مہاساگر'' یا پورے خطے میں سلامتی اور ترقی کیلئے باہمی طور پر مفید اور جامع ترقی کا نام دیا۔میٹنگ میں جناب مودی نے عالمی خطۂ جنوب میں دونوں ممالک کے مشترکہ مقاصد کے پیش نظر ماریشس کی دفاعی اور سلامتی کی ضروریات کو مستحکم کرنے میں بھارت کی مسلسل مدد اور حمایت کا اعادہ کیا۔

## 2100- PM on Releation

ماریشس کے اپنے دو روزہ دورے کے دوسرے اور آخری دن، وزیر اعظم مودی نے آج Champ de Mars میں ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ اس تقریب کے دوران ماریشس کے صدر، دھرم بیر گوکھول نے جناب مودی کو بھارت-ماریشس شراکت داری میں شاندار تعاون کیلئے Grand Commander of the Order of the Star and Key of the Indian Oceanسے نوازا۔وزیر اعظم مودی پہلے بھارتی ہیں، جنہوں نے ماریشس کا اعلیٰ ترین شہری اعزاز حاصل کیا ہے۔ بھارتی بحریہ کے دستے نے ماریشس کے قومی دن کی تقریبات کی پریڈ میں حصہ لیا۔ اس سے پہلے قومی اسمبلی میں منعقدہ ایک پروگرام میں، جناب مودی اور جناب رام غلام نے اعلیٰ اثرات کے حامل 20 کمیونٹی ترقیاتی پروجیکٹس اور بھارت کے تعاون سے چلنے والے ایک ایریا ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کیا۔یہ اقدامات ماریشس کی حفظانِ صحت نظام اور بنیادی ڈھانچے کو تقویت فراہم کریں گے۔ اِس سے ماریشس کے لوگوں کو کافی فائدہ حاصل ہوگا۔ وزیر اعظم مودی اور وزیر اعظم رام غلام نے ماریشس میں مشترکہ طور پر اٹل بہاری واجپائی انسٹی ٹیوٹ آف پبلک سروس اینڈ انوویشن کا افتتاح کیا۔یہ سیکھنے، تحقیق اور عوامی خدمت کے ایک مرکز کے طور پر کام کرے گا۔ وزیر اعظم کے ماریشس دورے کے بارے میں نامہ نگاروں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مصری نے کہا کہ یہ دورہ بہت ہی اہم، مفید اور نتیجہ خیز رہا۔

## 2100- Vikram Misri/ Enhanced SP

وزیر اعظم ماریشس کے اپنے دو روزہ سرکاری دورے کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے کے بعد وطن واپس روانہ ہو گئے ہیں۔وزیراعظم نریندرمودی نے آج ماریشش میں Ganga Talao پر پوجا ارچنا کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ماریشش میں Ganga Talao واپس آنا ایک بہت ہی جذباتی احساس تھا۔ اس کے مقدس پانی میں کھڑے ہوکر کوئی بھی اس روحانی تعلق کو محسوس کرسکتا ہے جو سرحدوں سے ماورا ہے۔ لوگوں کی نسلوں کو ان کی جڑوں سے جوڑتا ہے۔یہ پوجا ارچنا معنی خیز طور پر بھارت اور ماریشش کے درمیان مشترکہ عقیدت، ثقافتی وابستگی اور مقدس رشتوں کی علامت ہے۔ اس سے پہلے آج دونوں ممالک کے درمیان ایک وفود سطح کی بات چیت ہوئی۔ وزیراعظم نریندمودی اور ماریشش کے وزیراعظم ڈاکٹر نوین چندر رام غلام نے بھارت ماریشش کی دوستی پر وسیع تبادلہ خیال کیا۔ انھوں نے بھارت۔ماریشش کی شراکت داری کو ایک بہتر اسٹریٹجک شراکت داری میں بدلنے کا فیصلہ کیا۔دونوں وزرائے اعظم نے انفراسٹرکچر، مکانات، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، صحت اور مزید شعبوں میں مل کر کام کرنے پر بھی بات چیت کی۔ اس کے علاوہ شعبے جیسے مصنوعی ذہانت، صلاحیت سازی اور پائیدار ترقی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نریندرمودی کا دورہ بھارت۔ماریشش کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں ایک سنگ بنیاد ثابت ہوگا۔ دونوں ملکوں کے درمیان اسٹریٹجک شراکت

داری خطے میں توانائی لانے کا کام کرے گی۔ x

**LS - Oilfield Bill**

پارلیمنٹ نے Oil fields سے متعلق ضابطے اور ترقی، ترمیمی بل 2024 کو آج لوگ سبھا میں منظوری کے ساتھ پاس کر دیا ہے۔ اس بل کا مقصد Oil fields (ضابطے اور ترقی) ترمیمات سے متعلق قانون 1948 میں ترمیم کرنا ہے۔ اس کے تحت معدنی تیل کی تعریف میں توسیع کرکے اسے قدرتی طور پر پیدا ہونے والے ہائڈروکاربن، Coal Bed Methane اور Shale گیس میں شامل کر دیا جائے گا۔

بل پر ایک بحث کا جواب دیتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر جناب پردیپ سنگھ پوری نے کہا کہ توانائی کی یقینی فراہمی کے لیے بھارت کی طویل مدتی حکمت عملی سستی، دستیابی اور پائیداری پر منحصر ہے اور بھارت نے ان تینوں شعبوں میں کامیابی حاصل کی ہے۔x

**HARYANA BJP VICTORY**

بی جے پی نے آج ہریانہ کے مختلف میونسپل کارپوریشن، میونسپل کونسلز اور مینوسپلٹیز کے میئر، صدر اور وارڈ ممبروں کے انتخاب میں بڑی جیت حاصل کی ہے۔ بی جے پی نے گروگرام اور روہتک سمیت دس میئر کے عہدوں میں سے 9 پر جیت حاصل کی ہے۔ بی جے پی امیدوار پروین جوشی نے فریدآباد میونسپل کارپوریشن میں میئر کے عہدے پر تاریخی جیت درج کی ہے۔ انہوں نے کانگریس امیدوار لتا رانی کو تین لاکھ 16 ہزار 852 ووٹوں کے فرق سے ہرایا۔ اس موقع پر ہریانہ کے وزیراعلی نائب سنگھ سینی نے کہا کہ عوام نے حکومت کے کام کاج اور پالیسیوں پر منظوری کی مہر لگا دی ہے اور ٹرپل انجن حکومت ایک ترقی یافتہ ہریانہ کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے تیز رفتاری سے کام کرتی رہے گی۔بی جے پی کے قومی صدر جگت پرکاش نڈا نے ہریانہ میونسل کارپوریشن انتخابات میں پارٹی کی شاندار جیت پر ہریانہ کے وزیراعلی نائب سنگھ سینی، بی جے پی کے ریاستی سربراہ موہن لال بدولی اور پارٹی کے تمام کارکنوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ X

**CPI FEBRUARY**

فروری کے مہینے کے دوران غذائی اشیاء کی قیمتوں میں کمی آئی اور یہ پچھلے مہینے کے چھ اعشاریہ صفر دو فیصد کے مقابلے تین اعشاریہ سات پانچ فیصد رہی۔ اس طرح بھارت کا خردہ افراطِ زر جو کہ جنوری میں چار اعشاریہ تین ایک فیصد تھا، فروری میں سات مہینے کی اب تک کی سب سے کم تر سطح تین اعشاریہ چھ ایک فیصد تک پہنچ گیا ہے۔ اعدادوشمار اور پروگراموں پر عملدرآمد کی وزارت کے جاری کردہ اعدادوشمار کے مطابق دیہی علاقوں میں افراطِ زر تین اعشاریہ سات نو فیصد رہا جبکہ شہری علاقوں میں تین اعشاریہ تین دو فیصد رہا۔ سبزیوں کی قیمتوں میں گیارہ اعشاریہ تین پانچ فیصد کے مقابلے منفی ایک اعشاریہ صفر سات فیصد کی گراوٹ درج کی گئی، جبکہ دالوں کی قیمت کم ہوکر جنوری کی دو اعشاریہ پانچ نو فیصد کے مقابلے منفی صفر اعشاریہ تین پانچ فیصد ہوگئی۔ ایندھن اور بجلی کی قیمتوں میں بھی گراوٹ درج کی گئی اور یہ گزشتہ ماہ کے مقابلے میں ایک اعشاریہ تین آٹھ فیصد سے کم ہوکر ایک اعشاریہ تین تین فیصد پر پہنچ گئی۔RBI نے مالی سال 26-2025 کے دوران افراط زر میں چار اعشاریہ دو فیصد گراوٹ کی پیش گوئی کی ہے۔ X

**IIP - January**

اعداد و شمار اور پروگرام پر عمل درآمد کی وزارت کے ذریعے جاری کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق بھارت کی ضمّی پیداوار کی ترقی میں جنوری کے مہینے میں پانچ فیصد تک کا اضافہ ہوا ہے، جو دسمبر میں تین اعشاریہ دو فیصد تھی۔ اس کا جائزہ ضمّی پیداوار کے انڈیکس IIP کے ذریعے لیا جاتا ہے۔ جاری اعداد و شمار کے مطابق IIP کے تین بڑے اجزاء میں، مینوفیکچرینگ کے شعبہ میں جنوری کے مہینے میں 5 اعشاریہ پانچ فیصد کا اضافہ ہوا ہے، کانکنی کی سرگرمیوں میں چار اعشاریہ چار فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور بجلی کی پیداوار میں دو اعشاریہ چار فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔x

## Patil Ganga Conservation Meet

جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے آج ایک مربوط اور ٹیکنالوجی پر مبنی طریقۂ کار کے ذریعے دریائے گنگا کو مزید صاف ستھرا اور پائیدار رکھنے کیلئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ نئی دلّی میں گنگا کے تحفظ سے متعلق با اختیار ٹاسک فورس کی 14 ویں میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جناب پاٹل نے مقررہ وقت پر پروجیکٹوں پر عمل در آمد، آلودگی کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات کرنے اور وزارتوں کے درمیان تال میل بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اِس میٹنگ میں متعدد وزارتوں اور ریاستوں حکومتوں کے کلیدی شراکت داروں کو اکٹھا کیا گیا۔ اِس میٹنگ میں جل شکتی کے مرکزی وزیرمملکت راج بھوشن چودھری نے بھی شرکت کی۔x

## PAKN MILITANT KILLED

پاکستان میں بلوچ لبریشن آرمی کے ملی ٹینٹوں کی طرف سے بلوچستان صوبے کے ضلع بولان کے قریب جعفر ایکسپریس ٹرین کو ہائی جیک کرنے کے بعد بچاؤ کارروائی کے دوسرے روز سیکورٹی فورسز نے اب تک کم سے کم 100 مسافروں کو بحفاظت نکال لیا ہے۔جعفر ایکسپریس 9 بوگیوں میں 400 سے زیادہ مسافروں کو لے کوئٹہ سے خیبرپختونخواہ کے شہر پشاور جارہی تھی، تبھی ملی ٹینٹوں نے دھماکہ خیز مواد کا استعمال کرتے ہوئے اُسے پٹری سے اتار دیا اور ٹرین کو ہائی جیک کرلیا۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق فوجی کارروائی میں ٹرین ہائی جیکنگ میں ملوث 30 ملی ٹینٹ مارے جاچکے ہیں۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ باقی حملہ آوروں کوختم کرنے کیلئے کارروائی جاری ہے۔ سیکورٹی ذرائع نے مزید کہا کہ 37 زخمی افراد کو علاج کیلئے اسپتال میں داخل کرایا گیاہے۔حملے کی ذمہ داری قبول کرنے والے علیحدگی پسند جنگجو گروپ بلوچستان لبریشن آرمی نے 48 گھنٹے کا الٹی میٹم جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر بلوچ سیاسی قیدیوں، کارکنوں اور پاکسانی افواج کے ذریعہ اغوا کئے گئے لاپتہ افراد کو رہا نہیں کیا جاتا ہے تو وہ یرغمالیوں کو پھانسی دے دیں گے۔ بلوچ لبریشن آرمی نے خبردار کیا ہے کہ اگر فوجی کارروائی جاری رہتی ہے تو تمام یرغمالیوں کو پھانسی دے دی جائے گی اور ٹرین مکمل طور پر تباہ کردی جائے گی۔ X

## OM BIRLA MADGASGAR

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج اس بات پر زور دیا ہے کہ بھارت ہمیشہ سے خصوصی طور پر قدرتی آفات کے دوران اپنے دوست ممالک کی مدد کرنے کیلئے پیش پیش رہا ہے۔ جناب برلا نے یہ بات مڈغاسکر سے آئے ایک پارلیمانی وفد کے ساتھ نئی دلی میں دوطرفہ میٹنگ کے دوران کہی جس کی قیادت مڈغاسکر کی قومی اسمبلی کے صدر جسٹن ٹوکلے کررہے تھے۔ میٹنگ کے دوران جناب برلا نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت مڈغاسکر کو ایک قابل اعتماد دوست تصور کرتا ہے اور ساتھ ہی اس کی تیز رفتار ترقی کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور مڈغاسکر کے

درمیان تجارت، ثقافت اور عوام سے عوام کے درمیان مضبوط رشتے ہیں۔X

**US Ukraine**

یوکرین نے کل سعودی عرب کے شہر جدہ میں ہونے والی بات چیت کے بعد امریکی حمایت یافتہ 30 دن کی جنگ بندی اور روس کے ساتھ فوری مذاکرات کی تجویز پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ یوکرین اور روس کے درمیان تنازع شروع ہونے کے تین برس کے بعد یہ پیشرفت ہوئی ہے۔ جدہ میں یوکرین کے حکام کے ساتھ آٹھ گھنٹے سے زیادہ کی بات چیت کے بعد امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ واشنگٹن اب یہ تجویز روس کے سامنے رکھے گا۔ اس کے علاوہ امریکہ نے یوکرین کے ساتھ فوجی امداد اور انٹیلی جنس کا تبادلہ دوبارہ شروع کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ ایک مشترکہ بیان میں یوکرین اور امریکہ نے کہا کہ وہ جلد از جلد ایک معاہدے کو حتمی شکل دیں گے جس سے یوکرین کی معدنیات کی دولت تک امریکہ کی رسائی ہوجائے گی۔ یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی کو گزشتہ ماہ کی 28 تاریخ کو بحث و تکرار سے پہلے وائٹ ہاؤس میں اس معاہدے پر دستخط کرنے تھے جس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور نائب صدر جے ڈی وَینس نے یوکرین کے صدر کے ساتھ میٹنگ کی تھی۔ x

**SPL WINTER OLYMPICS**

بارہویں خصوصی عالمی سرمائی اولمپکس 2025 میں بھارت نے اپنی مہم کا شاندار آغاز کیا۔اٹلی کے Turin میں پہلے دن بھارت نے چار تمغے جیتے جن میں سونے کے دو اور چاندی کے دو تمغے شامل ہیں۔سمیر یادو اور بھارتی نے Bardonecchia میں Snowboarding کے فائنل میں ایک ایک سونے کا تمغہ جیتا جبکہ ہیم چند اور ہرشیتا ٹھاکر نے اسی مقابلے میں اپنے اپنے زمروں میں ایک ایک چاندی کا تمغہ جیتا۔49 رکنی دستے میں 30 کھلاڑی اور 19 معاون اسٹاف اس ٹورنامنٹ میں بھارت کی نمائندگی کررہے ہیں۔ X

**Rev. Eve. Khelo India Games**

شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلع کے گلمرگ میں چار روزہ 5ویں کھیلو انڈیا سرمائی کھیلوں کا دوسرہ مرحلہ آج اختتام پزیر ہوا۔ ان کھیلوں کا آغاز 9 مارچ کو ہوا تھا، جن میں ملک بھر سے کئی سو کھلاڑیوں نے مختلف مقابلوں میں حصہ لیا تھا۔ فوج اور ITBP کے کھلاڑیوں نے بھی ان کھیلوں میں شرکت کی۔ فوج اور ہماچل پردیش کے کھلاڑیوں میں سے ہر ایک نے 18 تمغے جیتے۔ مہاراشٹر نے 13، ITBP نے 10 اور جموں و کشمیر نے 4 تمغے جیتے۔ چار روزہ مقابلے میںAlpine Skiing،Ski Mountaineering، Snowboarding اور Nordic Skiing چار کلیدی زمرے شامل تھے۔ کھلاڑیوں نے کھیل شائقین کے لیے دلچسپی اور جوش و جزبے کا سامان فراہم کیا۔

ان کھیلوں کا پہلا مرحلہ 23 سے 27 جنوری کے درمیان کامیابی کے ساتھ لداخ میں منعقد ہوا تھا۔

گلمرگ میں کھیلو انڈیا سرمائی کھیل 2025 کے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں، حکومت جموں و کشمیر میں کھیلوں کے لیے بنیادی ڈھانچے کو ترقی دینے کے لیے ٹھوس اقدامات کرنے کے لیے پُر عزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت گلمرگ میں Winter Sports Centre of Excellence قائم کرے گی۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ گلمرگ میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے، تاکہ مستقبل میں سرمائی کھیلوں میں اُن کی مدد کی

جا سکے۔ x

☆☆☆